www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



# مولانا ڈاکٹر حافظ عبد الرشید اظہر کی شخصیت و خدمات پر لکھے جانے والے مضامین

جامعہ لاہور اسلامیہ کے شیخ الحدیث اُستاذ الاساتذہ حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ، حافظ عبد الرشید اظہر مرحوم کے خصوصی مہربان اور محسن تھے۔ دونوں کا علمی اور دینی تعلق مثالی تھا۔ اسی تعلق کا ایک اظہار یوں ہوا کہ حافظ صاحب کے 'فتاویٰ ثنائیہ' پر افتا کے موضوع پر ایک تفصیلی اور شاندار مقدمہ اظہر صاحب نے تحریر فرمایا۔ حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ اُن کے حالاتِ زندگی اور اپنے ساتھ گزری یادیں تفصیلاً قلم بند فرما رہے ہیں لیکن صحت کی خرابی کی بنا پر یہ تحریر فی الوقت مکمل نہیں ہو سکی۔ مزید برآں ہم نے حافظ اظہر صاحب کے ہم راز وہم دم مولانا عبد الحمید ازہر حفظہ اللہ سے بھی اپنی یادیں قلم بند کرنے کی گزارش کی ہے۔

اسی طرح بہت سی تحریریں جو حافظ عبد الرشید اظہر صاحب کے بارے میں مختلف اہل علم نے لکھی ہیں، ان کی اشاعت مذکورہ بالا تحریروں کے ساتھ ہی مؤخر کی جاتی ہے۔

مولانا حافظ عبد الرشید اظہر رحمۃ اللہ کے احوال و آثار کے لئے اُن کے فرزندِ گرامی حافظ مسعود اظہر کا تفصیلی مضمون اور مولانا یوسف انور صاحب کی مختصر تحریر موقر معاصر 'الاعتصام' میں شائع ہو چکی ہیں جبکہ مجلّہ 'البیان' کراچی کے تازہ شمارہ میں بھی جناب ہاشم یزمانی نے ان کے بارے میں ایک تاثراتی مضمون رقم کیا ہے۔

مزید برآں حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ کے برادرِ خورد جناب رضاء اللہ صاحب (سول جج، اسلام آباد)، ماہنامہ 'التوحید' اسلام آباد کے مدیر معاون ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن، گوجرانوالہ کے معروف محقق حافظ شاہد محمود کی یادداشتیں اور حافظ اظہر صاحب کے بھتیجوں، نواسوں کی تحریرات وغیرہ بھی ہمیں موصول ہو چکی ہیں۔

اللہ تعالیٰ حافظ صاحب کے مبارک تذکروں کو اُن کی بلندی درجات اور مغفرت کا سبب بنائے اور ان کی وفات سے پیدا ہو جانے والا خلا کو پورا فرمائے۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز

ادارہ 'محدث'



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ